# ریاست گیر CityFHEPS کے ساتھ ریاست نیو یارک میں گھر حاصل کریں!

## CityFHEPS کرائے کا ایک ایسا اعانتی پروگرام ہے جو آپ کے ماہانہ کرائے کے ایک حصے کی ادائیگی کرتا ہے۔

اب اس پروگرام **ریاست بھر" میں استعمال کیا جا سکتا ہے،"** جس سے مراد یہ ہے کہ آپ ریاست نیو یارک میں کہیں بھی منتقل ہو سکتے ہیں'

*آپ نیو یارک شہر سے باہر بھی منتقل ہو سکتے ہیں! نیو یارک شہر عوامی ٹرانزٹ جیسے میٹرو نارتھ اور لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کے استعمال کے ذریعے قابل رسائی ہے۔*

## اس پروگرام کے بارے میں جانیں

### کیا میں CityFHEPS کے لیے اہل ہوں؟

اگر آپ نیو یارک شہر کے محکمہ برائے سماجی خدمات (Department of Social Services, DSS) سے خریداری کا خط وصول کر چکے ہیں، تو آپ CityFHEPS کے اہل ہو سکتے ہیں! پناہ گاہ کے رہائشیوں کو ان کے کیس ورکر یا رہائش گاہ کے ماہر کی جانب سے خریداری کے خطوط فراہم کیے جاتے ہیں۔

اگر اپنے خریداری کے خط کے حوالے سے آپ کے کوئی سوالات ہوں **یا** اگر آپ کے پاس خریداری کا کوئی خط موجود نہ ہو اور آپ کو یقین ہو کہ آپ اہلیت رکھتے ہیں، تو اپنے کیس ورکر یا رہائش گاہ کے ماہر سے بات کریں۔

### میرے کرائے کی کتنی رقم کا احاطہ کیا جائے گا؟

CityFHEPS کے ساتھ، کرایہ دار عموماً اپنے کرائے کی مد میں اپنی کُل ماہانہ آمدن کا 30% ادا کرتے ہیں۔ CityFHEPS کرائے کی زیادہ سے زیادہ رقم تک، مالک مکان کی جانب واجب الادا کرائے کی بقیہ رقوم کا احاطہ کرتا ہے۔

ریاست گیر CityFHEPS کے لیے، احاطہ شدہ کرائے کی رقم کا انحصار ریاست نیو یارک کی اس کاؤنٹی پر ہوتا ہے، جہاں آپ منتقل ہوتے ہیں۔

آپ کے رہائش گاہ کے ماہرین اس رقم کا اندازہ لگا سکتے ہیں جو آپ **ریاست گیر CityFHEPS کے زیادہ سے زیادہ کرائے بذریعہ کاؤنٹی ٹول** سے www.nyc.gov/site/hra/help/cityfheps-documents.page پر وصول کر سکتے ہیں

خریداری کے خط میں درج ذیل شامل ہوتے ہیں:

- کرائے کی وہ ممکنہ رقم جس کا احاطہ CityFHEPS کرے گا
- آپ کے گھرانے کے افراد کی تعداد
- رہائش گاہ کی وہ قسم جس کی آپ اہلیت رکھتے ہیں
- بیڈ رومز کی وہ تعداد جس کی آپ اہلیت رکھتے ہیں
- خریداری کے خط کی معیاد ختم ہونے کی تاریخ (120 دن کے اندر)

### میں کس قسم کی رہائش گاہ کرائے پر دے سکتا ہوں؟

CityFHEPS کے ساتھ، آپ عموماً مندرجہ ذیل اقسام کی رہائش گاہیں کرائے پر دے سکتے ہیں، جیسے:

- ایک فیملی کے لیے علیحدہ گھر
- نچلے حصے کا مکان
- تعمیر شدہ گھر
- جزوی طور پر علیحدہ اور قطار میں موجود گھر/ٹاؤن ہاؤس
- ایلیویٹر کے ساتھ بالائی منزل کا مکان

آپ کی رہائش گاہ کا ماہر یہ سمجھنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے کہ CityFHEPS کے سلسلے میں آپ کس کی اہلیت رکھتے ہیں اور، ممکنہ طور پر، آپ کو رہائشی یونٹ کی تجویز دے سکتا ہے۔

## CityFHEPS کیسے کام کرتا ہے

**CityFHEPS کے ساتھ، کرائے دار عموماً اپنے کرائے کی مد میں اپنی کُل ماہانہ آمدن کا 30% ادا کرتے ہیں۔**

**NYC DSS کرائے کی بقایا رقوم مالک مکان کو ادا کرے گا۔**




## پروگرام کے لیے درخواست کا عمل

### میں ریاست گیر CityFHEPS کے لیے کیسے درخواست دوں؟

1. خریداری کا خط وصول کرنے کے بعد، رہائشی یونٹ تلاش کریں! آپ کی رہائش گاہ کا ماہر اختیارات تلاش کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔
2. جب آپ رہائشی یونٹ تلاش کر لیں، تو اپنے رہائش گاہ کے ماہر یا کیس مینیجر سے بات کریں۔ وہ آپ کی درخواست جمع کروانے کے لیے درکار دستاویزات حاصل کرنے میں آپ کی مدد کریں گے۔
3. اس کے بعد NYC DSS مندرجہ ذیل کاموں کے لیے آپ کی دستاویزات کا جائزہ لے گا کہ:
   - CityFHEPS کے لیے آپ کی اہلیت کی تصدیق کرے
   - اگر آپ رہائش گاہ کی اہلیت رکھتے ہیں تو تعین کرے
4. اپنی رہائش گاہ کے ماہر سے رابطے میں رہیں، جو درخواست مکمل کرنے کے سلسلے میں آپ کی اور مکان مالک کی مدد کریں گے۔
5. اگر آپ اور آپ کا رہائشی یونٹ CityFHEPS کی اہلیت رکھتے ہوں، تو NYC DSS آپ کو منظوری کا نوٹس ارسال کرے گا۔ یہ نوٹس اس بات کی وضاحت کرے گا کہ ہر ماہ آپ کو کتنی رقم کی ادائیگی کرنا ہو گی اور ہر ماہ NYC DSS کتنی رقم ادا کرے گا۔
6. آپ کا رہائش گاہ کا ماہر یا کیس مینیجر آپ کے لیے وقت طے کریں گے تاکہ آپ کرایہ داری کے معاہدے پر دستخط کریں اور چابی حاصل کریں۔

* ***اگر*** آپ نیو یارک شہر کی جانب سے عوامی مراعات حاصل کرتے ہیں، تو آپ کو لازمی طور پر اپنی نئی کاؤنٹی کے دفتر برائے سماجی خدمات کے ذریعے درخواست دینی چاہیئے۔

آپ کا کیس ورکر آپ کا دفتر برائے مقامی مراعات تلاش کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے، یا آپ مقامی مراعات، سماجی خدمات کی تلاش، اور رہائش سے متعلقہ دیگر مسائل کے حوالے سے مدد کے لیے **(718) 557-1399 پر آؤٹ آف سٹی ہاٹ لائن** کو کال کر سکتے ہیں۔

### میری قابل ادا رقم کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟

کرائے کی مد میں آپ کی قابل ادا رقم کا تعین متعدد عوامل سے کیا جاتا ہے:

- آپ کے گھرانے کے افراد کی تعداد
- گھرانے کے ہر فرد کی آمدن
- بیڈ رومز کی تعداد
- آیا کرائے میں یوٹیلٹیز شامل ہیں یا نہیں
- آیا آپ نقد اعانت حاصل کرتے ہیں یا نہیں
- آپ کا رہائشی یونٹ کس کاؤنٹی میں واقع ہے

اگر آپ کو منظوری دے دی جائے، تو NYC DSS آپ کو ایک نوٹس ارسال کرے گا جس میں وضاحت کی جائے گی کہ ہر ماہ آپ کتنی رقم ادا کریں گے اور ہر ماہ NYC DSS کتنی رقم ادا کرے گا۔

### مجھے کتنی مدت تک CityFHEPS مل سکتا ہے؟

CityFHEPS کی ہر سال تجدید کی جاتی ہے۔ آپ کے کرایہ داری کے معاہدے کی تجدید سے پانچ ماہ قبل، آپ کو ایک درخواست موصول ہو گی جس میں تجدید کی آخری تاریخ موجود ہو گی۔

CityFHEPS 5 سال تک برقرار رہ سکتا ہے اور کچھ صورتوں میں اس سے زائد عرصے کے لیے بھی: یعنی جب تک آپ اور آپ کا مالک مکان اہلیت کے تقاضوں کو پورا کرتے رہیں۔

### میرے کچھ مزید سوالات ہیں، میں کس سے بات کر سکتا ہوں؟

مزید معاونت کے لیے، NYC کے محکمہ برائے بےگھری کی خدمات (Department of Homelessness Services, DHS) کے **ری ہاؤسنگ کسٹمر سروس کال سینٹر کو 3052-470 (929) پر**، پیر تا جمعہ صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک کال کریں۔